نیوز ریلیز

# البرٹا کے بالغ سیکھنے والوں کو کامیابی کیلئے سَیٹ کرنا

21 مئی، 2024ء میڈیا انکوائریز

## البرٹنز جلد ہی ہائی اسکول ڈپلومہ کے بغیر بالغوں کی تعلیم کی نئی اسناد حاصل کرنے کیلئے رجسٹر کروا سکتے ہیں۔

تعلیم میں ایک قابل بھروسہ رہنما کے طور پر، البرٹا کی حکومت کو ہُنرمندی اور تعلیم یافتہ افرادی قوت کی مانگ کو پورا کرنے میں مدد دینے کیلئے جنرل ایجوکیشنل ڈیویلپمینٹ (جی ای ڈی) اسناد کی تبدیلی کی رہنمائی کرنے کیلئے منتخب کیا گیا تھا۔ نئے کینیڈین ایڈلٹ ایجوکیشن کریڈینشل (سی اے ای سی) کے ذریعے، صوبے بھر کے بالغ سیکھنے والے افراد کسی ہائی اسکول ڈپلومہ کے برابر ڈپلومہ کے بغیر البرٹا میں تیار کردہ تعلیمی اسناد حاصل کر سکیں گے۔ یہ اسناد مزید پیشہ ورانہ ملامتوں کے اور تعلیمی مواقع کے دروازے کھول دیں گی۔

"البرٹا تعلیمی برتری میں ایک قابل اعتماد لِیڈر ہے، جسے کینیڈا بھر کے تعلیمی رہنماؤں نے سی اے ای سی کی ڈیویلپمینٹ اور انتظامی اُمور کی قیادت کرنے کیلئے منتخب کیا ہے۔ ہم نے جو تشکیل دیا اس پر مجھے فخر ہے اور یہ کہ ہم صوبے بھر کے بالغ سیکھنے والوں کو با اختیار بنا کر تعلیم میں فضیلت اور چوائس کی پیشکش کو جاری رکھ سکتے ہیں۔"

*ڈیمیٹریوس نکولیڈز (Demetrios Nicolaides)، وزیرِ تعلیم*

"کینیڈین ایڈلٹ ایجوکیشن کریڈینشل سیکھنے والے بالغ افراد کو ایک تعلیمی سنگِ مِیل عبور کرنے کی اجازت دے گا جو نئے مواقع کے دروازوں کو کھولتا ہے۔ یہ پوسٹ سیکنڈری انسٹیٹیوشنز کو ایک قابلِ شناخت سند بھی پیش کرے گا جس پر وہ بھروسہ کر سکتے ہیں، اور یہ سیکھنے والوں کو با آسانی اعلٰی تعلیم حاصل کرنے کیلئے درخواست دینے کی اجازت دیتا ہے اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ تمام البرٹنز کیلئے تعلیم حاصل کرنا قابل رسائی ہے۔"

*راجن ساہنی (Rajan Sawhney)، وزیر برائے اعلٰی تعلیم*

جی ای ڈی کو سی اے ای سی کے ساتھ تبدیل کرنا البرٹا کے تعلیمی نظام اور افرادی قوت کو اس بات کو یقینی بنانے کے بعد مضبوط کرے گا کہ مواد بالغ افراد کی ضروریات اور کینیڈا میں متنوع ثقافتوں اور نقطہ ہائے نظر کی صحیح عکاسی کرتا ہے، بشمول اس مواد کے جو مقامی، فرانکوفون اور کثیر الثقافتی کمیونٹیوں سے تعلق رکھتا ہے۔ یہ تبدیلیاں ٹیسٹ دینے والوں، ایمپلائروں، پوسٹ سیکنڈری انسٹیٹیوشنز اور دوسروں کو پُر اعتماد بنائیں گی کہ سی اے ای سی کینیڈین بالغ افراد کی تعلیمی کامیابی کی سطح کیلئے ایک قابل بھروسہ اشاریہ ہے۔

"کینیڈین ایڈلٹ ایجوکیشن کریڈینشل بہت سے بالغ سیکھنے والے افراد کیلئے کمیونٹی کالجوں کے اندر متنوع پروگرامنگ تک رسائی میں اضافے کو زیادہ کرتا ہے، جو البرٹا کی بڑھتی پھولتی معیشت کو آگے بڑھاتا ہے۔"

*مارورو زینیمیبا (Maroro Zinymeba)، ڈین، فیکلٹی آف سکلز اینڈ فاؤنڈیشنل لرننگ، نورکوایسٹ (NorQuest) کالج*

Classification: Public

سی اے ای سی کو آٹھ صوبوں اور ٹیریٹوریز نے اپنے اشتراک سے تیار کیا تھا، جنھوں نے البرٹا کی حکومت کو البرٹا کی ڈیویلپمینٹ اور انتظامی تشخیصات کی مہارت کی بنیاد پر قیادت کرنے کیلئے منتخب کیا، جیسے کہ پراونشل اچیومینٹ ٹیسٹ اور ڈپلومے کے امتحانات۔ البرٹا قومی سی اے ای سی ٹیسٹنگ سروس کا گھر ہوگا اور وہ انتظامی امور اور ٹیسٹوں کی ڈلیوری کی نگرانی کرے گا۔ البرٹنز 22 مئی ، 2024ء سے شروع ہونے والے سی اے ای سی کیلئے رجسٹر کروا سکتے ہیں۔

## فوری حقائق

- سسکیچیون، مینی ٹوبا، اونٹاریو، نوواسکوشیا، نیو برنزوِک، نیوفیلینڈ اور لیبراڈر، پرنس ایڈورڈ آئلینڈ، اور نارتھ ویسٹ ٹیریٹوریز نے سی اے ای سی کو تکمیل دینے میں مدد کی۔
- سی اے ای سی پانچ مضامین کے ٹیسٹوں پر مشتمل ہے: پڑھائی، لکھائی، ریاضی، سائنس، اور معاشرتی علوم۔
- ٹیسٹ کمپیوٹروں پر ہوں گے، جن میں کاغذ کی آپشن موجود ہوگی اور سیکھنے کی متنوع ضروریات کو پورا کرنے کیلئے دوسری سہولتیں دستیاب ہوں گی۔
- تمام ٹیسٹ انگریزی اور فرانسیسی میں دستیاب ہوں گے۔
- وہ البرٹنز جنھوں نے اپنے جی ای ڈی ٹیسٹ مکمل نہیں کئے وہ مئی 2027ء تک، تین سالوں کیلئے ان ہی مضامین کے ٹیسٹوں کے نتائج کو سی اے ای سی ٹیسٹوں میں شامل کئے جانے کی درخواست دے سکتے ہیں۔
- جی ای ڈی کو ایک کارآمد سند کے طور پر تسلیم کیا جاتا رہے گا۔

## متعلقہ معلومات

- کینیڈین تعلیم بالغان کی سَند
- مساوی ڈپلومہ کے آپشنز
- جنرل ایجوکیشنل ڈیویلپمینٹ

## میڈیا انکوائریز


### کیون لِی (Kevin Lee)

587-785-4366
Attaché de presse, Education | پریس سیکریٹری، ایجوکیشن


Classification: Public